© rasailojaraid.com

منحمنا از جناب عبدالعزیز صاحب خالد۔ تقطیع متوسط۔ ضخامت ۱۲۳ صفحات۔ ٹائپ جلی کاغذ اور طباعت اعلیٰ، قیمت مجلد 2/50 پتہ۔ بُک لینڈ ۱۲ محمد بلڈنگ۔ بندر روڈ کراچی۱

جناب عبدالعزیز خالد اُردو زبان کے نوجوان اور مشہور شاعر ہیں، لیکن ان کا نغمہ و آہنگ اور ساز و ترانہ سب سے الگ اور پُرشکوہ ہونے کے ساتھ نہایت حسین و دلکش اور مؤثر و جاذب ہے حضور مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ محبت نہیں عشق اور والہانہ شیفتگی ہے، چنانچہ اس سلسلہ میں نہایت کامیاب ایک طویل نعت مستقل کتاب کی شکل میں پہلے شائع ہو چکی ہے۔ اور بُرہان میں اُس پر تبصرہ بھی ہو چکا ہے۔ زیرِ تبصرہ نظم بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے، اور شاعر کے طرزِ سخن کی کی تمام خصوصیات یعنی ندرتِ تشبیہات و استعارات۔ کثرتِ تلمیحات، زورِ کلام، جدت وجودتِ بیان اور دقتِ الفاظ و معانی ان سب کی مکمل آئینہ دار ہے۔ ندرتِ الفاظ کا یہ عالم ہے کہ متعدد مواقع پر تبصرہ نگار کو لغت کی کتابوں کا سہارا لینا ناگزیر ہو گیا ہے، بہرحال نظم صرف ادبی شاہکار نہیں بلکہ علمی اور فنی حیثیت سے بھی منفرد ہے اور اہلِ علم ہی اس سے استفادہ کر سکتے ہیں۔ کوئی شبہ نہیں کہ اُردو لٹریچر میں یہ تجربہ اپنی نظیر آپ ہی ہے۔

بُرہان کے پُرانے پرچے درکار ہیں

جنوری ۱۹۴۱ء لغایۃ دسمبر ۱۹۴۱ء عموماً اور فروری ۱۹۴۱ء جولائی و اگست ۱۹۴۱ء خصوصاً نیز جنوری ۱۹۴۲ء لغایۃ دسمبر ۱۹۴۲ء و مارچ ۱۹۴۲ء اور جولائی ۱۹۶۶ء ستمبر ۱۹۶۶ء دفتر کو مندرجہ بالا شماروں کی فائل مکمل کرنے کے لئے ضرورت ہے مرحمت فرما کر ممنون فرمائیں۔

جو حضرات پرانے پرچے الگ کر دینا چاہتے ہوں اُن سے درخواست ہے کہ دفتر کو مطلع فرمادیں اور پرچوں کی جلد و شمارہ نمبر کا حوالہ بھی دیدیں، ضرورت کے پرچوں کے عوض ہم خریداروں کی مدت میں توسیع کردیں گے، اعزازی اور تبادلہ کے طور پر جن حضرات کی خدمت میں بُرہان پہونچتا ہے وہ حضرات اگر فائل رکھنے کے عادی نہ ہوں تو ایسے حضرات سے ہم بجا طور پر توقع کریں گے کہ وہ ادارہ کی لائبریری کو موجودہ رسائل مفت پیش فرمادیں، ادارہ اُن کی پیش کش کو شکریہ کے ساتھ قبول کرے گا۔

ایجنٹ حضرات سے گذارش ہے کہ اگر وہ اپنے حلقۂ اشاعت میں جولائی ۱۹۶۶ء ستمبر ۱۹۶۶ء کے رسائل واپس حاصل کر کے مرحمت فرمادیں تو ہم ان کے عوض تازہ بُرہان پیش کردیں گے اور ڈاک کا خرچ دفتر کے ذمہ ہوگا۔

نیاز مند، [illegible]

© rasailojaraid.com